www.KitaboSunnat.com

طَلَبُ العِلمِ فَرِیضَۃٌ عَلٰی کُلِّ مُسلِمٍ

علم (دین) حاصل کرنا ہر مسلمان مرد (و عورت) پر فرض ہے۔

رسالہ

# واقفیتِ اسلام

برائے

مدارس جماعت غربا اہل حدیث رجسٹرڈ

کثر اللہ سوادھم

www.KitaboSunnat.com

مصنفہ

جناب مولانا ابو عمار عبدالقہار صاحب

مدرس مدرسہ عربیہ اسلامیہ دار السلام کراچی

بن

مولانا الحافظ الحاج ابو محمد عبدالوہاب صاحب محدث دہلوی

رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

ناظم شعبہ تعلیمات جماعت غربا اہلحدیث

محمدی مسجد برنس روڈ۔ کراچی ۱

قیمت ایک روپیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com



# فہرست مضامین رسالہ ہذا


| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| سبب تصنیف | ۵ |
| سلام کیا ہوتا ہے | ۶ |
| اللہ تعالیٰ کی پہچان | // |
| اللہ تعالیٰ کو کس نے پیدا کیا؟ | ۷ |
| معبود کسے کہتے ہیں؟ | // |
| اللہ تعالیٰ کے ماننے والوں کو کیا کہتے ہیں؟ | ۸ |
| ایمان کسے کہتے ہیں؟ | // |
| کلمہ کیا ہے؟ | // |
| کلمہ کا دوسرا حصہ کیا ہے؟ | ۹ |
| کلمہ شہادت کسے کہتے ہیں؟ | // |
| کلموں کا کیا مقصد ہے؟ | // |
| رسول کس کو کہتے ہیں؟ | ۱۱ |
| رسول کیسے لوگ ہوتے ہیں؟ | // |
| حکم ماننے سے کیا مطلب ہے؟ | // |
| محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہاں پیدا ہوئے | ۱۲ |
| آپؐ کا نسب نامہ | // |
| کیا رسولؐ کا فرمان سب کے مقابلہ میں ماننا ضروری ہے؟ | ۱۳ |
| کیا آپؐ اللہ ہیں؟ | // |
| رسولوں کی تعداد کتنی ہے؟ | // |
| آپؐ کو کس عمر میں نبی بنایا گیا؟ | // |

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| آپؐ مکہ میں کتنا عرصہ اور مدینہ میں کتنا عرصہ رہے؟ | ۱۳ |
| نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی تسلیم نہ کرنے والا کیسا ہے؟ | ۱۴ |
| کیا آپؐ کے بعد کوئی نبی نہیں آئیگا | // |
| آپؐ کا اللہ کے ہاں کیا رتبہ ہے؟ | // |
| آپؐ دنیا میں کس لئے تشریف لائے اور آپؐ کے کیا ارشادات ہیں؟ | // |
| تمہارا دین کیا ہے؟ | ۱۵ |
| اسلام یا مذہب اہلحدیث کسے کہتے ہیں؟ | // |
| سب مذہبوں سے اچھا مذہب کونسا ہے؟ | // |
| اسلام کی بنیاد کیا ہے؟ | ۱۶ |
| جو اللہ و رسول اور اسلام کی بنیادی چیزوں کو نہیں مانتے ان کو کیا کہنا چاہیے؟ | // |
| جو اللہ کے سوا اور چیزوں کی عبادت کرتے ہیں ان کو شریعت میں کیا کہتے ہیں؟ | // |
| کفر اور شرک میں کیا فرق ہے؟ | ۱۷ |
| جو ظاہراً اسلام کے پابند ہیں | |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



| مضامین | صفحہ |
| --- | --- |
| مگر دل میں یقین نہیں رکھتے ان کو کیا کہتے ہیں؟ | ١٧ |
| قرآن مجید کس کی طرف سے ہے کب اور کہاں آیا؟ | 〃 |
| کیا قرآن مجید کے علاوہ اور بھی کتابیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوئی ہیں؟ | ١٨ |
| یوم الجزاء کیا اور کیسا ہے؟ | ١٩ |
| جنت کیا اور کیسی ہوگی؟ | 〃 |
| دوزخ کیا ہے؟ | 〃 |
| قبر کی حقیقت | ٢٠ |
| تقدیر کیا ہے؟ | ٢١ |
| سب سے بڑی دولت کیا ہے | ٢٢ |
| خطبۂ نکاح | 〃 |
| دولھا کو مبارکبادی کی دعاء | ٢٣ |
| دُلھن کی پیشانی کے بال پکڑ کر دعاء پڑھنا | 〃 |
| بیوی سے ہم بستری کے وقت کی دُعاء | 〃 |
| ہم بستری سے فارغ ہونے کے بعد کی دُعاء۔ | 〃 |
| غسل جنابت کا طریقہ | ٢٤ |
| عورتوں کے کثرت سے جہنم میں جانے کی وجہ | 〃 |

| مضامین | صفحہ |
| --- | --- |
| عورتوں کے جنت میں جانے کے عمل | ٢٥ |
| مسجد میں داخل ہوتے اور مسجد سے نکلتے وقت کی دُعاء | ٢٦ |
| وضوء کرنے سے پہلے بسم اللہ والحمدللہ پڑھنا | 〃 |
| وضوء کرنے کا طریقہ | 〃 |
| وضوء کے درمیان کی دعاء | 〃 |
| وضوء کے بعد کی دُعاء | ٢٧ |
| نماز شروع کرنے کا طریقہ | 〃 |
| نیت باندھ کر کیا کرتے اور کیا پڑھتے ہیں؟ | 〃 |
| رکوع کرنا | ٢٨ |
| رفع الیدین کس چیز کو کہتے ہیں؟ | 〃 |
| رکوع کرنے کا طریقہ | 〃 |
| رکوع کی دُعائیں | 〃 |
| رکوع کے بعد کیا کرنا چاہیئے | 〃 |
| قومہ کی دُعاء | ٢٩ |
| سجدہ کرنے کا طریقہ | 〃 |
| سجدہ کی دعائیں | 〃 |
| ایک سجدہ سے فارغ ہو کر کیا کرتے ہیں؟ | 〃 |
| قعدہ کا طریقہ | 〃 |
| قعدہ کی دعاء | ٣٠ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com




| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| قعدہ کے بعد کیا کرتے ہیں؟ | ۳۰ |
| دونوں سجدوں کے بعد کیا کرتے ہیں | ″ |
| جلسہ استراحت کسے کہتے ہیں؟ | ″ |
| دوسری رکعت پڑھنے کا طریقہ | ″ |
| نماز کی دو رکعتیں پڑھ کر کیا کرتے ہیں | ″ |
| تشہد کس کو کہتے ہیں؟ | ″ |
| تشہد کی دعاء | ۳۱ |
| تشہد سے فارغ ہو کر کیا کرتے ہیں؟ | ″ |
| درود شریف کونسا ہے؟ | ″ |
| درود شریف | ″ |
| درود شریف کے بعد کی دعائیں | ۳۲ |
| سلام پھیرنے کا طریقہ | ″ |
| سلام پھیرنے کے بعد کا وظیفہ | ۳۳ |
| صبح کی سنتیں پڑھنے کے بعد کی دعاء | ″ |
| وتروں میں پڑھنے کی دعاء (قنوت) | ۳۴ |
| روزہ کھولتے وقت کی دعاء | ″ |
| روزہ کھولنے کے بعد کی دعاء | ″ |
| روزہ کی نیت | ۳۵ |
| کھانا کھانے سے پہلے کی دعاء | ″ |
| کھانا کھانے کے بعد کی دعاء | ″ |
| کھانا کھلانے والے کے لئے دعا | ″ |
| دودھ پینے سے پہلے کی اور بعد کی دعاء | ۳۵ |
| پانی پینے کی دعاء | ۳۶ |
| کپڑا پہنتے وقت کی دعاء | ″ |
| بیت الخلاء میں جانے کی دعاء | ″ |
| بیت الخلاء سے نکلتے وقت کی دعاء | ″ |
| سونے کے وقت کی دعاء | ″ |
| سوکر اٹھنے کے وقت کی دعاء | ″ |
| گھر میں داخل ہونے کی دعاء | ۳۷ |
| گھر سے نکلتے وقت کی دعاء | ″ |
| بازار میں جانے کی دعاء | ″ |
| ادائیگی قرض کی دعاء | ″ |
| تنگدستی کی دعاء | ۳۸ |
| صبح وشام فجر و مغرب کی نماز کے بعد کی دعائیں | ″ |
| سید الاستغفار | ۳۹ |
| چاند دیکھنے کی دعاء | ″ |
| مصیبت زدہ کو دیکھ کر پڑھنے کی دعاء | ″ |
| خدا تعالیٰ کے نزدیک محبوب و پسندیدہ کلمے | ″ |


تمت

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ ـــ سبب تصنیف ـــ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِوَلِیِّہٖ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی نَبِیِّہٖ

سنہ ۱۳۷۹ھ میں عزیزم ابن اخی المکرم مولوی حافظ عبدالرحمٰن سلمہ ربنا ناظم مدرسہ دارالسلام نے برسبیل تذکرہ کہا کہ جماعت کے بچے، بچیوں اور نا واقفوں کے لئے کوئی ایسا رسالہ لکھا جائے جس میں اسلام کی معلومات ہو تاکہ اسے جماعت کے مدارس میں بطور نصاب داخل کر دیا جائے۔

میرے دل میں خیال پیدا ہوا کہ اسلام کی واقفیت کیلئے پہلے وہ اصولی چیزیں سپرد قلم کروں جنکے ذریعہ بچے اپنے رب کو کما حقہ پہچان کر جنت (جو ہمیشہ عیش کا مقام ہے) میں داخل ہونیکے مستحق ہو جائیں۔ اللہ تعالیٰ اسے شرف قبولیت عطا فرمائے اور میرے لئے ذریعہ نجات ذخیرۂ معاد ہو جائے اور دوسروں کو بھی اس سے فائدہ ہو۔ یہ خیال آہستہ آہستہ میرے دل و دماغ پر پھیلتا چلا گیا کہ چند مخصوص کتابوں کا مطالعہ شروع کر دیا۔ حسن اتفاق سے اس سال تفکرات عالم سے نسبتاً کچھ فراغت بھی حاصل ہو گئی تھی۔ وقت کو غنیمت جانتے ہوئے خدا کا نام لیکر رسالہ ہٰذا مکالمہ کی صورت میں لکھ دیا۔

اس رسالہ کے پڑھنے سے اصول اسلام کی انشاء اللہ العظیم پوری پوری واقفیت حاصل ہو جائے گی۔ اس رسالہ میں توحید، رسالت، شجرۂ رسالت، نماز، روزہ، حج، آسمانی کتابوں، فرشتوں، جنت، دوزخ، قیامت، حساب و کتاب، قبر کا عذاب و ثواب۔ تقدیر وغیرہ کو بیان کیا گیا ہے۔ نماز کی ادعیہ مسنونہ کے علاوہ مختلف اوقات کی دعائیں بھی جنکی وقتاً فوقتاً ضرورت پیش آتی رہتی ہے درج کر دی گئی ہیں۔ رسالہ ہٰذا مفید اور پڑھنے کے قابل ہے، پڑھیے اور عمل و عقیدہ درست کیجئے۔ مصنف ناشر اور دیگر کارکنان متعلقہ کو اپنی نیک دعاؤں میں یاد رکھیے۔ فقط والسلام۔

اَبُو عَمَّار عَبْدُ الْقَهَّار غُفِرَ لَہٗ وَلِوَالِدَیْہِ الْغَفَّار (آمین)

۱۱ ربیع الاول سنہ ۱۳۸۰ھ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

رَبِّ یَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَیْرِ ۝

واقف۔ اَلسَّلامُ علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔

ناواقف۔ یہ تم نے کیا کہا؟

واقف۔ سلام کہا ہے۔ جسکو سلام کہا جائے وہ جواب دے وعلیکم السلام۔

ناواقف۔ سلام کیا ہوتا ہے؟

واقف۔ سلام ایک دُعا ہے جو ملاقات کے وقت دی جاتی ہے جسکا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تم کو ہر آفت سے محفوظ و سلامت رکھے۔ تم بھی آئندہ ملاقات کے وقت سلام کہا کرو۔

ناواقف۔ بہت اچھا، لیکن یہ بتائیے کہ اللہ تعالیٰ کی کیا پہچان ہے؟

واقف۔ اللہ تعالیٰ اُس ذات واجب الوجود کا نام ہے جو آسمان زمین، چاند، سورج، ستاروں، حجر، شجر، انسان اور حیوان وجملہ جاندار وبے جان چیزوں بلکہ کل کائنات کا پیدا کرنیوالا ہے اللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ یعنی اللہ تعالیٰ ہر چیز کا خالق ہے۔ یہاں ایک مثال پر غور کیجئے کسی نے ایک دیہاتی سے پوچھا کہ اللہ تعالیٰ کے وجود پر کیا دلیل ہے؟ اُس نے جواب دیا دیکھو اگر مینگنی سے اونٹ معلوم ہو سکتا ہے اور پاؤں کے نشانات زمین پر دیکھ کر معلوم کیا جا سکتا ہے کہ کوئی آدمی یہاں سے گزرا ہے تو کیا یہ بُرجوں والا آسمان اور یہ راستوں والی زمین، یہ موجیں مارنے والے سمندر اس لطیف و خبیر کے وجود پر دلیل نہیں بن سکتے؟ یہی مسئلہ جب ایک واقف سے پوچھا گیا تو فرمایا کہ آسمان سے بارش کا برسنا اور اُس سے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

درختوں کا پیدا ہونا اور ہری ہری سبز شاخوں اور ٹہنیوں پر خوش رنگ وخوش ذائقہ میووں کا لگنا ہی ذات باری تعالیٰ کے وجود اور اس کی واحدانیت کی کافی دلیل ہے۔ سچ ہے ؎

وَفِیْ کُلِّ شَیْءٍ لَّهٗ اٰیَةٌ ⁂ تَدُلُّ عَلٰٓی اَنَّهٗ وَاحِدٌ

یعنی ہر چیز اس پروردگار کی ہستی اور لاشریک لہٗ ہونے پر گواہ ہے۔

ناواقف۔ اللہ تعالیٰ کو کس نے پیدا کیا؟

واقف۔ اللہ تعالیٰ کو کسی نے نہیں پیدا کیا اور نہ اس سے کوئی چیز پیدا ہوئی ہے۔ نہ وہ کسی کا بیٹا ہے نہ باپ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ۝ وہ تو خود خالق و معبود ہے۔ اُس نے اپنے حکم سے کل چیز کو پیدا کیا۔ وہ سب سے پہلا ہے اُس سے پہلے کوئی چیز تھی ہی نہیں هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ

ناواقف۔ معبود کسے کہتے ہیں؟

واقف۔ معبود اُس ہستی کو کہتے ہیں جس کی عبادت پوجا پاٹ کی جائے حکم مانا جائے۔ اور حقیقی معبود صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے اس لئے کہ اس میں تمام خوبیاں پائی جاتی ہیں مثلاً خالق، مالک، رازق، قادر، مختار، مارنا جلانا حاجت روائی کرنا، اپنی تمام مخلوق کی ہر حالت سے باخبر ہونا وَاللّٰهُ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ ہر کھلی چھپی کا بغیر کسی کے بتائے علم رکھنا اللہ تعالیٰ کے اوصاف ہیں۔ قرآن شریف میں فرمایا ہے وَیَعْلَمُ مَا فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا یَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ۝ (پارہ ۷) یعنی اللہ تعالیٰ خشکی اور تری کی چیزیں جانتا ہے حتّٰی کہ درخت کا پتہ بھی اگر گرے تو اللہ میاں کو اس کا علم ہے اور جو زمین کے اندھیروں میں دانہ اُگتا ہے اور خشک وتر سب ہی تو اللہ تعالیٰ کے پاس مکتوب ہیں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بس جو ہستی ان اوصاف سے متصف ہے وہی اللہ اور معبود ہے اور اس کے ماننے والے اس کے بندے ہیں۔

ناواقف۔ اللہ تعالیٰ کے ماننے والے کو کیا کہتے ہیں؟

واقف۔ اللہ تعالیٰ کے ماننے والوں کو "مسلمان" یا "ایماندار" کہا جاتا ہے یعنی جو سچے دل سے اللہ اور اسکے رسولوں پر ایمان لاکر انکے حکموں پر عمل کرے

ناواقف۔ ایمان کسے کہتے ہیں؟

واقف۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام حکموں کو سچے دل سے ماننے اور زبان سے اقرار کرنے (بصورت کلمہ) اور اسی کے مطابق عمل کرنے کو ایمان کہتے ہیں اَلْاِیْمَانُ اِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ وَتَصْدِیْقٌ بِالْقَلْبِ وَعَمَلٌ بِالْجَوَارِحِ یعنی ایمان زبان سے اقرار اور ہاتھ پاؤں سے عمل کرکے دکھا دینے کا نام ہے۔

www.KitaboSunnat.com

ناواقف۔ کلمہ کیا ہے؟

واقف۔ کلمہ کا ایک حصہ کلمۂ توحید لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ہے یعنی اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں کیونکہ وہ خالق ہر چیز پر قادر ہے جو چاہتا ہے کرتا ہے کوئی اس کو روک نہیں سکتا۔ زمین آسمان اور ہر جگہ اسی کی بادشاہی ہے۔ وہ ہر ایک کی بات کو جانتا ہے کوئی چیز اس سے چھپی ہوئی نہیں۔ رات کے اندھیرے میں اگر پتھر پر کوئی چیونٹی چل رہی ہے تو اس کی آہٹ کو بھی وہ سنتا اور دیکھتا ہے۔ وہ ہمیشہ سے زندہ ہے اور ہمیشہ زندہ رہیگا۔ نہ وہ کسی کا ماں باپ ہے اور نہ اسکا کوئی ماں باپ نہ اسکی کوئی بیوی نہ کنبہ رشتہ ناطہ اور نہ اس کیلئے موت نہ اسکو کسی نے پیدا کیا وہ تمام عیبوں سے پاک ہے۔ وہ اونگھتا اور سوتا نہیں لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



لَا نَوْمٌ اور نہ وہ کھاتا پیتا ہے وَھُوَ یُطْعِمُ وَلَا یُطْعَمُ بلکہ وہ سب کو کھلاتا اور پلاتا ہے اور یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ مارتا جلاتا ہے۔ بس اسی کے حکم سے سب مرتے اور جیتے ہیں حتیّٰ کہ بیماری و تندرستی بھی اسی کے ہاتھ میں ہے۔ اگر کوئی بیمار ہو جائے تو فَلَا کَاشِفَ لَہٗ اِلَّا ھُوَ اللہ کے سوا کوئی شفا دینے والا نہیں وہی مینہ برساتا ہے ہوا چلاتا ہے۔ چاند سورج ستاروں کو جگمگاتا ہوا نکالتا اور چھپاتا ہے۔ وہی ہر قسم کی سبزیوں اور اناجوں کو اُگاتا ہے اور لوگوں کو مال و دولت دیتا ہے۔ وہی روزی رزق اور اولاد دیتا ہے۔ وہ ایک ہے اُسکا کوئی شریک اور ساجھی نہیں۔ وہ اللہ کسی کا محتاج نہیں سب اسکے محتاج ہیں وہ مختارِ کل ہے۔ سب اسکے در کے محتاج ہیں وہ اپنے بندوں کی بندگی سے خوش ہوتا ہے وہ اپنے بندوں کے ساتھ ماں باپ سے بھی زیادہ مہربان ہے وہی سب کو پالتا پوستا ہے۔ ان اوصاف کے علاوہ اللہ تعالیٰ کے بے شمار اوصاف ہیں جنکو لکھنے اور بیان کرنے سے انسان قاصر ہے۔

ناواقف۔ اچھا کلمہ کا دوسرا حصہ کیا ہے وہ بھی بتائیے؟

واقف۔ کلمہ کا دوسرا حصّہ کلمۂ رسالت مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ ہے یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے سچّے رسول ہیں۔

ناواقف۔ کلمۂ شہادت کسے کہتے ہیں؟

واقف۔ کلمۂ شہادت اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللہِ ہے یعنی میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے سچے رسول ہیں

ناواقف۔ ان کلموں کا کیا مقصد و مطلب ہے؟

واقف۔ کلمہ میں جو اِلٰہ کا لفظ ہے اس کے معنے معبود کے ہیں اور

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



معبود یعنی خدا اُس کو کہتے ہیں جو تمام چیزوں کا مالک و بادشاہ اور سب کو پیدا کرنے اور پالنے والا اور روزی دینے والا ہے ہر ایک کی فریاد کو سننے والا ہے اور وہی ہر قسم کی عبادتوں کا مستحق ہے۔ جب تم نے لا الٰہ الا اللہ کہا تو اسکے یہ معنی ہوئے کہ سب سے پہلے تم نے یہ اقرار کر لیا کہ اللہ کے سوا کوئی خالق نہیں اور جو خالق ہوتا ہے وہی عبادت کے لائق ہوتا ہے اور وہ ایک اللہ ہی ہے بہت سے اللہ نہیں لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللَّهُ لَفَسَدَتَا یعنی اگر بہت سے اللہ ہوتے تو دنیا کا تمام کاروبار برباد ہو جاتا نظام ختم ہو جاتا معلوم ہوا کہ اللہ ایک ہی ہے اور وہی عبادت اور بندگی کے لائق ہے باقی ہم سب اسی کی مخلوق اور بندے ہیں۔ بس اللہ کے سوا ہمارا کوئی خالق مالک آقا حاکم نہیں وہی بعلمہ ہر جگہ حاضر و ناظر ہے۔ وہی مارنے جلانے والا ہے وہی آرام و تکلیف دینے والا ہے۔ اس کے سوا نہ کوئی مارنے جلانے، آرام و تکلیف دینے والا ہے اور نہ حاضر و ناظر ہے۔ اللہ کے اس طرح مان لینے کو توحید کہتے ہیں اور ان اوصاف کا صرف ایک اللہ ہی کو مستحق جاننے اور ماننے والے کو مُوَحِّد کہتے ہیں۔ اور اگر (نعوذ باللہ) دو یا دو سے زیادہ بہت سے اللہ مانے جائیں یا حقیقی اللہ کے ساتھ اسکی کسی بھی مخلوق کی بندگی کی جائے یا اللہ کے اوصاف مخصوصہ میں سے کوئی وصف مخلوق میں مانکر اللہ کی سی تعظیم کیجائے تو اسکو شرک اور شرک کرنے والے کو مشرک کہتے ہیں اور شرک سب سے بڑا گناہ و ظلم ہے إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ ○ اللہ تعالیٰ اس گناہ کو بغیر توبہ کے ہرگز معاف نہیں فرمائیگا اور نہ مشرک کو کبھی جنت میں داخل کریگا۔ عزیزو! تم کبھی بھی کسی حالت میں بھی شرک ہرگز نہ کرنا کلمہ کا دوسرا جز محمد رسول اللہ ہے۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ محمد رسول اللہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے سچے رسول اور کامل بندے ہیں۔

ناواقف۔ رسول کس کو کہتے ہیں؟

واقف۔ رسول کے معنے پیغام پہنچانے والے کے ہیں۔ اس نیک انسان بشر کو کہتے ہیں جس کو اللہ تعالیٰ نے دنیا میں اپنے احکام دے کر مخلوق کی ہدایت و فلاح کیلئے بھیجا ہے۔ ان ہی کو نبی اور پیغمبر بھی کہتے ہیں

ناواقف۔ رسول کیسے لوگ ہوتے ہیں؟

واقف۔ رسول اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ و نیک بندے خدائی احکام پہنچانے میں ہر قسم کے نقص، غلطی اور گناہوں سے پاک صاف ہوتے ہیں ان کے پاس اللہ تعالیٰ اپنا حکم (وحی) فرشتوں کے ذریعہ بھیجتا ہے پھر وہ رسول خود بھی اس حکم کے عامل ہوتے ہیں اور لوگوں کو بھی اچھی اچھی باتوں کا حکم کرتے اور بُری باتوں سے روکتے ہیں۔ ماننے والوں کو جنت کی خوشخبری دیتے ہیں اور نہ ماننے والوں کو دوزخ کے عذاب سے ڈراتے ہیں اور وہ ماں باپ سے بھی زیادہ مہربان ہوتے ہیں لہٰذا انکا حکم ماننا سب پر فرض ہے۔

ناواقف۔ حکم ماننے سے کیا مطلب ہے؟

واقف۔ مطلب یہ ہے جو حکم، قانون اللہ کی طرف سے وہ لائے ہیں اس کی پیروی کرو جس طرح انھوں نے اللہ کے فرمان کے مطابق دنیا میں اپنی زندگی بسر کر کے بتایا اسی طرح تم بھی اپنی زندگی اُن ہی بتائے ہوئے طریقہ کے مطابق بسر کرو۔ ان کے مقابلہ میں دنیا کی بڑی سے بڑی ہستی کا حکم چھوڑ دو لیکن رسول اور پیغمبر کا فرمان ہرگز نہ چھوڑو۔ یہ معنی مقصد ہے کلمہ کے دوسرے حصہ کا۔ اب تو کلمہ کا مطلب سمجھ گئے۔

ناواقف۔ جی ہاں سمجھ گیا، لیکن یہ بتائیے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



کہاں پیدا ہوئے اور آپ کا حسب و نسب کیا ہے؟

واقف۔ ہمارے پیارے نبی محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ملک عرب کے مشہور شہر مکہ معظمہ میں پیدا ہوئے اور مدینہ منورہ میں وفات پائی۔ آپ کی کنیت ابو القاسم اور اسم گرامی محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) ہے اور آپؐ کے والد کا نام عبداللہ اور والدہ کا نام آمنہ تھا۔ آپ کا قبیلہ ہاشم اور قوم قریش تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا شجرہ مبارکہ یوں ہے۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم

| آپؐ کی بیویوں کے نام | آپؐ کی اولاد کے نام | والد کی طرف سے | والدہ کی طرف سے |
|---|---|---|---|
| حضرت خدیجہ رضؓ | طیب رضؓ | بن عبداللہ | بن آمنہ |
| حضرت سودہ رضؓ | طاہر رضؓ | بن عبدالمطلب | بنت وھب |
| حضرت عائشہ رضؓ | قاسم رضؓ | بن ھاشم | بن عبد مناف |
| حضرت حفصہ رضؓ | ابراہیم رضؓ | بن عبد مناف | بن زھرہ |
| حضرت ام حبیبہ رضؓ | زینب رضؓ | بن قصی | |
| حضرت ام سلمہ رضؓ | رقیہ رضؓ | | |
| حضرت زینب رضؓ | فاطمہ رضؓ | | |
| حضرت جویریہ رضؓ | ام کلثوم رضؓ | | |
| حضرت صفیہ رضؓ | | | |
| حضرت میمونہ رضؓ | | | |

بن

کلاب بن

مرہ بن

کعب بن

لوی بن

غالب بن

فہر بن

مالک بن

نضر بن

کنانہ بن

خزیمہ بن

مدرکہ بن

الیاس بن

معد بن

عدنان

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ناواقف۔ کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا فرمان سب کے مقابلہ میں نا منظور کر دیں

واقف۔ ہاں یقیناً!

ناواقف۔ کیا آپؐ اللہ ہیں؟

واقف۔ نہیں۔ اللہ تو ایک ہی ہے جسکے اوصاف تمکو پہلے بتائے جا چکے ہیں محمد صلے اللہ علیہ وسلم نہ اللہ ہیں اور نہ اللہ کا حصہ یا جزء ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق اور سید البشر ہیں۔ اگر آپؐ اللہ یا اللہ کے جزء ہوتے تو آپؐ کا نسب نامہ نہ ہوتا یعنی نہ آپؐ کے ماں باپ ہوتے اور نہ بیوی بچے ہوتے حالانکہ تم آپؐ کے نسب سے ابھی واقف ہو چکے ہو۔ ہاں آپ کا مرتبہ اللہ تعالیٰ نے اس قدر بڑھایا ہے کہ آپؐ کی اطاعت کو عین اپنی اطاعت فرمایا ہے مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ یعنی جس نے رسول کی اطاعت کی اُس نے اللہ ہی کی اطاعت کی کیونکہ رسول اللہ ہی کا حکم لوگوں سے منواتے تھے۔

ناواقف۔ رسولوں کی تعداد کتنی ہے؟

واقف۔ نبی، رسول علیہم السلام کم و بیش ایک لاکھ ۲۴ ہزار دنیا میں لوگوں کی ہدایت کے لئے تشریف لائے۔ سب سے پہلے ابو البشر آدم علیہ السلام اور سب سے آخر ہمارے نبی سید البشر محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے

ناواقف۔ آپؐ کو کس عمر میں نبی یا رسول بنایا گیا تھا؟

واقف۔ آپؐ کو نبوت ۴۰ سال کی عمر میں ملی اور رسول بنائے گئے قرآن مجید جو مذہب اسلام کی یہی سچی کتاب ہے اسی کو کلام اللہ بھی کہتے ہیں ۲۳ سال کی مدت میں آہستہ آہستہ تھوڑا تھوڑا وقتاً فوقتاً آپ پر اترا۔

ناواقف۔ آپؐ مکہ مکرمہ میں کتنا عرصہ اور مدینہ منورہ میں کتنا عرصہ رہے

واقف۔ آپؐ نبوت ملنے کے بعد تیرہ سال تک مکہ معظمہ میں قیام فرما کر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



تبلیغِ دین فرماتے رہے۔ محض احکامِ دین کی تبلیغ کی بنا پر کفارِ مکہ نے آپ کو بیحد تکالیف پہنچائیں۔ آخر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بحکمِ خدا مکہ مکرمہ سے بعمر ۵۳ سال ہجرت فرمائی اور مدینہ منورہ میں بعد ہجرت دس سال گزارے۔ بعدہٗ مدینہ طیّبہ میں ہی وفات پائی۔

**ناواقف۔** اگر کوئی شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا نبی و رسول تسلیم نہ کرے تو وہ کیسا ہے؟

**واقف۔** جو شخص خاتم النبیین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت نہ مانے آپؐ پر ایمان نہ لائے یقیناً وہ کافر ہے۔

**ناواقف۔** کیا آپؐ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا؟

**واقف۔** نہیں۔ آپؐ تو خاتم النبیین سیّد الرسل ہیں آپؐ کے بعد تاقیامت کوئی نیا نبی نہ آئے گا۔

**ناواقف۔** آپؐ کا اللہ کے ہاں کیا رُتبہ ہے؟

**واقف۔** آپؐ تمام نبیوں رسولوں بلکہ تمام مخلوق سے بہتر و افضل ہیں سب رسولوں کے سردار ہیں۔

**ناواقف۔** محمد صلی اللہ علیہ وسلم دنیا میں کس لئے تشریف لائے اور آپؐ کے کیا ارشادات ہیں؟

**واقف۔** آپؐ کے ارشادات بیشمار ہیں، چند پیش کرتا ہوں سنئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم دنیا والوں کو مذہب اسلام بتانے سمجھانے کیلئے دنیا میں تشریف لائے۔ آپؐ نے فرمایا لوگو! تمہارا رب پیدا کرنے والا ایک اللہ ہے اُسی پر ایمان لاؤ اور اسی کی عبادت کرو (اصل عبادت توحید، نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج کی ادائیگی کا نام ہے) اور اللہ کا ہر حکم مانو اور اس کے سب نبیوں و رسولوں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



کو سچا جانو اور اسکی کتابوں، فرشتوں، جنت، دوزخ، مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے کو اور قیامت حساب کتاب قبر کے عذاب، ثواب اور تقدیر پر ایمان لاؤ۔ انکو حق سمجھو۔ اللہ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت و فرمانبرداری کرو۔ ان باتوں کو منوانے اور عمل کرانے کیلئے آپ دنیا میں تشریف لائے پس ان تمام چیزوں پر ایمان لانا ضروری واجب اور فرض ہے اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ یعنی میں ایمان لایا اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور کتابوں پر اور رسولوں پر اور قیامت کے دن پر اور اچھی بری چیز کے اندازے پر کہ اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کا اندازہ کر رکھا ہے اور مرنے کے بعد اٹھائے جانے پر۔

ناواقف۔ تمہارا دین (مذہب) کیا ہے؟

واقف۔ ہمارا دین اسلام یعنی مذہب اہلحدیث ہے۔

ناواقف۔ اسلام یا مذہب اہلحدیث کسے کہتے ہیں؟

واقف۔ اسلام کے معنے یا مذہب اہلحدیث کا مقصد یہ ہے کہ اللہ و رسول کی اطاعت و فرماں برداری میں گردن جھکا دینا یعنی اللہ و رسول کے حکم کے سامنے سر تسلیم خم رکھے اور انکے ہر حکم کے مطابق عمل کرتا ہے اسی اطاعت کو اسلام کہتے اور اطاعت کرنیوالوں کو مسلمان یا اہلحدیث کہتے ہیں

ناواقف۔ سب مذہبوں سے اچھا مذہب کونسا ہے؟

واقف۔ تمام مذاہب سے اچھا مذہب صحیح و حق دین یہی اسلام ہے جو ابھی پیش کیا ہے اور اسکے علاوہ سارے مذہب غلط ناحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے کلام پاک میں فرماتا ہے اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ اور فرمایا وَمَنْ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْہُ یعنی اللہ تعالیٰ کے نزدیک مقبول دین صرف اسلام ہے۔ اور جو اسلام کے علاوہ دوسرے دین مذہب کو تلاش کرے گا وہ اس کی طرف سے ہرگز قبول نہ ہوگا۔

ناواقف۔ اسلام کی بنیاد کیا ہے؟

واقف۔ اسلام کی اصل بنیاد پانچ چیزوں پر قائم ہے اور وہ پانچ چیزیں یہ ہیں (۱) یہ ماننا کہ اللہ کے سوا کوئی بندگی کے لائق نہیں۔ وہ اللہ خالقیت مالکیت اور اپنے تمام اوصاف میں اکیلا ہے اور محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ صلے اللہ علیہ وسلم اللہ کے برگزیدہ بندے اور سچے رسول ہیں (یعنی توحید و رسالت کا اقرار کرنا) (۲) پنجوقتہ نماز پڑھنا (۳) رمضان شریف کے روزے رکھنا (۴) زکوٰۃ دینا (۵) اگر استطاعت ہو تو حج کرنا۔

ناواقف۔ جو لوگ اللہ و رسول کو اور اسلام کی ان بنیادی چیزوں کو نہیں مانتے ان کو کیا کہنا چاہیئے؟

واقف۔ انھیں کافر کہتے ہیں۔

ناواقف۔ جو لوگ اللہ تعالیٰ کے سوا اور چیزوں کی عبادت پوجا کرتے ہیں ان کو شریعت میں کیا کہتے ہیں؟

واقف۔ غیر اللہ کی عبادت کرنے والے جیسے بُت پرست بتوں کی مثلاً ہندو جمنا، گنگا، پیپل، چوراہے کی اور نام کے مسلمان قبروں تعزیہ وغیرہ کی عبادت کرتے ہیں ایسے لوگوں کو مشرک کہتے ہیں۔ اور مشرک کا اسلام میں کوئی حصہ نہیں کیونکہ شرک سب سے بڑا گناہ ہے اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ ۝ مشرک کی کبھی بھی بغیر توبہ بخشش نہیں اور مشرک پر جنت حرام ہے اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَكَ بِہٖ اور مَنْ یُّشْرِكْ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ (نساء)

**ناواقف۔** کفر اور شرک میں کیا فرق ہے؟

**واقف۔** حقیقت میں کوئی فرق نہیں البتہ ظاہری الفاظ کے لحاظ سے کچھ فرق ہے مثلاً کفر کے معنے چھپانے، پردہ ڈالنے اور انکار کرنے کے ہیں۔ نیز کفر کے شرعی معنیٰ یہ بھی ہیں کہ جن چیزوں پر ایمان لانا ضروری ہے ان کا انکار کر دیا جائے جیسے اللہ کے وجود سے انکار کر دینا یا اللہ کی عبادت فرائض کا ترک یا انکار کرنا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اطاعت سے انکار کر دینا۔ اور شرک کے معنی ساجھے برابری کے ہیں یعنی جو چیزیں اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کے ساتھ خاص ہیں اس میں کسی دوسرے کو بھی اسکے برابر جانے اور اس میں اسکو ساجھی وشریک سمجھے یا خدا کے اوصاف خاص ہیں سے کوئی خاصہ اسکے غیر میں مانے ثابت کرے جیسے روزی دینا اولاد دینا، غیب کی بات جاننا۔ مصیبتوں اور تکلیفوں کا دور کرنا۔ ہر جگہ حاضر وناظر رہنا، مارنا جلانا وغیرہ سب کام اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہیں ان میں دوسرے کسی نبی و ولی قطب جن بھوت پری وغیرہ کو شریک سمجھنا شرک ہے اور شرک کرنے والے کو مشرک کہتے ہیں۔

**ناواقف۔** جو لوگ ظاہراً اسلام کے پابند ہیں مگر دل میں یقین نہیں رکھتے ان کو کیا کہتے ہیں؟

**واقف۔** ایسے لوگوں کو منافق کہتے ہیں اور منافق کی چار علامتیں خاص طور سے ہیں وہ یہ ہیں (۱) جھوٹ بولنا (۲) وعدہ خلافی کرنا۔ (۳) امانت میں خیانت کرنا (۴) جھگڑے کے وقت گالی گلوچ پر اتر آنا۔

**ناواقف۔** یہ جو آپ نے فرمایا تھا کہ قرآن مجید اسلام کی سچی کتاب ہے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



تو یہ کتاب کس کی طرف سے ہے، کب اور کہاں سے آئی؟

واقف۔ قرآن مجید خدا کا کلام ہے اسلام کی قانونی کتاب ہے۔ ہمارے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ قرآن اترا بذریعہ جبرائیلؑ جو اللہ تعالیٰ کی مخلوق فرشتوں میں سے ایک مقرب فرشتے تھے۔ مکہ شریف میں ایک پہاڑ ہے جسکا نام "حراء" ہے اس میں ایک غار تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم عبادت کیلئے اُس غارِ حراء میں تشریف لیجاتے تھے اور برابر کئی روز اس میں رہ کر عبادت کرتے تھے۔ جب کھانا ختم ہو جاتا تو گھر واپس تشریف لاکر کھانے پینے کی چیزیں لیکر پھر اس غار میں تشریف لیجاتے اور وہیں تنہائی میں عبادت کرتے۔ ایک روز اس غارِ حراء میں جبرائیل علیہ السلام آپ کے سامنے ظاہر ہوئے اور آپ کو بھیجکر فرمایا اے محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) پڑھو! آپ نے فرمایا مَا اَنَا بِقَارِئٍ میں تو پڑھا ہوا نہیں ہوں۔ اسی طرح تین بار فرمایا۔ جبرائیل علیہ السلام نے سورہ علق کی ان پہلی آیتوں کو پڑھ کر سنایا اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ ○ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ○ اِقْرَاْ وَرَبُّکَ الْاَکْرَمُ ○ کہ یہ تمہارا سبق ہے۔ قرآن شریف کی سب سے پہلی وحی یہی ہے۔

ناواقف۔ کیا قرآن مجید کے علاوہ اور بھی کتابیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوئی ہیں؟

واقف۔ ہاں آسمان سے جملہ ۱۰۴ کتابیں نازل ہوئی ہیں۔ مشہور اور بڑی بڑی کتابیں چار ہیں (۱) توریت جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی (۲) زبور جو حضرت داؤد علیہ السلام پر اتری (۳) انجیل جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دی گئی (۴) قرآن مجید جو حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو ملا۔ اب محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن مجید آنے کے بعد پہلی جملہ کتب پر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



عمل منسوخ ہو گیا ہے۔ البتہ تمام انبیاء اور تمام کتب سماوی پر ایمان رکھنا فرض ہے لیکن عمل کیلئے قرآن اور حدیث ہیں۔ ان پر عمل کرنے سے یوم الجزاء میں جنت نصیب ہو گی اور بے عمل رہنے سے جہنم رسید ہونا پڑے گا۔

ناواقف۔ یوم الجزاء کیا اور کیسا ہے؟

واقف۔ یوم الجزاء قیامت کے دن کو کہتے ہیں جس دن اسرافیل علیہ السلام جو کہ ایک فرشتہ ہیں انکے صور پھونکنے کی وجہ سے بحکم خدا تمام دنیا کا کارخانہ درہم برہم ہو جائیگا۔ پہاڑ روئی کے گالوں کی طرح اُڑینگے۔ ستارے گر پڑینگے آسمان پھٹ جائیگا۔ سمندروں میں آگ بھڑک جائیگی۔ تمام جاندار چیزیں مر جائیں گی۔ سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی باقی نہ رہیگا۔ پھر دوبارہ صور پھونکنے سے دوبارہ سب لوگ زندہ ہو کر ایک میدان میں جمع ہو جائیں گے۔ اس میدان کو میدان حشر کہتے ہیں۔ یہ حشر بیت المقدس کی زمین میں ہو گا اور وہاں سب کا حساب ہو گا نیکی بدی تولی جائیگی جسکی نیکیاں وزنی ہونگی وہ جنت میں جائیگا اور جسکی بُرائیاں وزنی ہوئیں وہ دوزخ میں جائیگا۔

ناواقف۔ جنت کیا اور کیسی ہوگی؟

واقف۔ جنت ہمیشہ کیلئے عیش و آرام کی جگہ ہے جس میں سونے چاندی کے عالی شان مکانات ہیں۔ انکے نیچے نہریں بہتی ہیں۔ وہاں ہر طرح کا آرام ہے اور ہر قسم کے کھانے پینے پہننے کی چیزیں موجود ہیں۔ جنتی مرد کے لئے حورِ عین غلمان ہیں۔ جو اس میں داخل ہو جائیگا اس کو کوئی تکلیف نہیں ہو گی اور نہ وہ مرے گا نہ بوڑھا ہو گا۔ وہاں دیدارِ الٰہی نصیب ہو گا۔ جنت میں جنتی جو چاہیں گے وہ ان کو وہاں ملے گا۔ ارشاد باری ہے

وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَشْتَهِيٓ أَنفُسُكُمْ (الدُّهُمَّ اجْعَلْنَا مِنْهُمْ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ناواقف۔ دوزخ کیا ہے؟

واقف۔ دوزخ اُس جیل خانہ کو کہتے ہیں جس میں آگ ہی آگ بھری ہے اور وہ آگ دُنیا کی آگ سے ستر حصے زیادہ گرم ہے۔ اس میں گرم اور کھولتا ہوا پانی، پیپ اور لہو کے تالاب ہیں۔ جو لوگ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتے ہیں وہ علاوہ قبر کے عذاب کے اس جہنم یعنی عذاب کے گھر میں جائیں گے اور آگ میں جلیں گے اور گرم کھولتا ہوا پانی پینے کو ملیگا ان کو سانپ اور بچھو کاٹیں گے اور انکے علاوہ اور بھی طرح طرح کے عذاب ہیں وَاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖۤ اَزْوَاجٌ ○ (اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا)

ناواقف۔ قبر کی حقیقت بتائیے؟

واقف۔ قبر ایک اندھیری تنہا، ڈراؤنی کوٹھڑی ہے یا راحت، آرام روشنی دار باغیچہ ہے۔ ہر شخص کو مرکر اس دروازہ سے گزرنا ہے۔ اگر مرنے والا مسلمان مؤمن موحد اللہ و رسول کا ماننے والا، توحید و سنت نماز روزہ وغیرہ کا پابند تھا اور ان سوالوں مَنْ رَّبُّكَ (تیرا رب کون ہے؟) مَنْ نَبِيُّكَ (تیرا نبی کون ہے؟) مَا دِيْنُكَ (تیرا مذہب کیا ہے؟) کا ٹھیک ٹھیک یہ جواب رَبِّيَ اللّٰهُ (میرا رب اللہ ہے) نَبِيِّ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (میرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں) دِيْنِيَ الْاِسْلَامُ (میرا دین اسلام ہے) دیا تو اسکو منکر نکیر جو دو فرشتے قبر میں ہر میت کے پاس آتے ہیں کوئی تکلیف نہیں دیتے۔ وہ شخص قبر کے عذاب سے محفوظ ہو جاتا ہے اس کیلئے خوشی ہوتی ہے۔ جنت کی خوشبوئیں اور بچھونا و لباس ہوتا ہے قیامت تک آرام کی نیند سوتا ہے۔ اور اگر مرنے والا تقدیر سے مشرک بدعتی بے نماز اور بے دین ہوتا ہے اور ان سوالوں کے ٹھیک جواب دینے کے بجائے هَاهَا لَا اَدْرِيْ اَقُوْلُ كَمَا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


یَقُوْلُ النَّاسُ جواب دیتا ہے تو آنکھوں سے اندھا، کانوں سے بہرا، ڈراؤنی شکل کے فرشتے کو لوہے کا گرز دیکر اس کے مارنے پر مقرر کر دیا جاتا ہے اور قبر میں آگ کا بچھونا، کیڑے اور سانپ بچھو چھوڑ دیئے جاتے ہیں اسکو قیامت تک یہی عذاب ہوتا رہے گا۔ خداوند تعالیٰ سب مسلمانوں کو قبر اور جہنم کے عذابوں سے بچائے۔ آمین۔

ناواقف۔ تقدیر کیا ہے؟

واقف۔ تقدیر کے معنے اندازہ کرنے کے ہیں یعنی ہر نیکی و بدی اور اچھی و بُری چیز کیلئے اللہ تعالیٰ کے علم میں ایک اندازہ مقرر ہے کہ فلاں وقت میں فلاں کام ہوگا، فلاں شخص نیکی یا بدی کرے گا۔ کوئی چیز اللہ تعالیٰ کے علم و اندازہ سے باہر نہیں۔ دنیا میں جو کچھ ہوا اور ہو رہا ہے یا ہوگا وہ سب کچھ تقدیر یعنی اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق ہو رہا ہے۔ تقدیر کے متعلق کریدا اور بحث کرنے سے ہمارے نبی محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرما دیا ہے تقدیر کا بُرا لکھا دعا کرنے سے بدل سکتا ہے اسی واسطے بزرگان دین یہ دُعا پڑھا کرتے تھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ کَتَبْتَنَا اَشْقِیَآءَ فَامْحُہٗ وَاکْتُبْنَا سُعَدَآءَ وَاِنْ کُنْتَ کَتَبْتَنَا سُعَدَآءَ فَاَثْبِتْہُ فَاِنَّکَ تَمْحُوْ مَا تَشَآءُ وَتُثْبِتُ وَعِنْدَکَ اُمُّ الْکِتٰبِ ○ یعنی یا اللہ! اگر تو نے ہم کو بدبخت لکھ دیا ہے تو اسکو مٹا کر نیک بخت لکھدے اور اگر پہلے ہی ہم کو تو نے نیک بختوں میں لکھا ہوا ہے تو اسکو اسی طرح نیک بخت ہی رہنا دینا یہ ہماری التجاء ہے کیونکہ اصل تقدیر کی کتاب تیرے ہی پاس ہے۔ تقدیر کا بدلنا تیرے ہی اختیار میں ہے۔

ناواقف۔ بھائی واقف صاحب بیشک آپ نے مجھ کو ایسی ایسی چیزوں سے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



واقف کرادیا جن سے میں ناواقف تھا۔ آپ کا بڑا احسان ہے
واقف۔ خدا ہی کا فضل ہے۔ ہاں بھائی علم سے واقفیت بہت ضروری ہے علم بڑی دولت ہے۔

ناواقف۔ سب سے بڑی دولت کیا ہے؟

واقف۔ سب سے زیادہ قیمتی چیز علم آسمانی ہے دنیا بھر کا مال و دولت، سونا چاندی سب اس کے سامنے ہیچ ہے۔ اگر تمام دنیا اور دنیا کے تمام خزانے ایک طرف ہوں اور علم کی دولت دوسری طرف تو یقیناً علم کی دولت کے برابر نہیں ہو سکتے۔ علم کے سامنے بادشاہوں کی بادشاہی اور امیروں کی امیری. جاگیرداروں کی جاگیرداری کی کوئی وقعت نہیں ہے۔ علم والوں کا دین اور دنیا میں بڑا مرتبہ ہے اسی واسطے کہا جاتا ہے پیارے بچو! پڑھنے لکھنے میں خوب کوشش کرو. سبق اچھی طرح یاد کرو۔ وقت بے وقت پڑھا ہوا ضرور دُہرایا کرو۔

پڑھو گے لکھو گے ہو گے نواب
کھیلو گے کودو گے ہو گے خراب

ناواقف۔ خطبۂ نکاح کونسا ہے؟

واقف۔ خطبۂ نکاح یہ ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَۃٍ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ○ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ○ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ○ يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ○

ناواقف۔ دولھا کو مبارک بادی دینے کی کیا دُعا ہے؟

واقف۔ دولھا کو مبارک بادی دینے کی یہ دعا ہے بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَبَارَكَ عَلَيْكُمَا وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِیْ خَيْرٍ ○

ناواقف۔ دُلھن کی پیشانی کے بال پکڑ کر کیا دُعا پڑھتے ہیں؟

واقف۔ دُلھن کی پیشانی کے بال پکڑ کر یہ دُعا پڑھتے ہیں۔

(۱) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْاَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ۔

(۲) اَللّٰهُمَّ بَارِكْ فِيْهِ وَاجْعَلْهُ طَوِيْلَ الْعُمُرِ كَثِيْرَ الرِّزْقِ۔

ناواقف۔ بیوی سے ہم بستری کرتے وقت کیا دُعا پڑھتے ہیں؟

واقف۔ بیوی سے ہمبستری کرتے وقت یہ دُعا پڑھتے ہیں بِسْمِ اللّٰهِ۔ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطٰنَ وَجَنِّبِ الشَّيْطٰنَ مَا رَزَقْتَنَا

ناواقف۔ ہم بستری سے فارغ ہو کر کیا دعا پڑھتے ہیں؟

واقف۔ ہم بستری سے فارغ ہو کر یہ دُعا پڑھتے ہیں۔ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ لِلشَّيْطٰنِ فِيْمَا رَزَقْتَنِیْ نَصِيْبًا ○

ناواقف۔ غسل جنابت کا کیا طریقہ ہے؟

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



واقف۔ غسلِ جنابت کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے ہاتھوں کو تین بار دھوئیں پھر دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر پانی ڈال کر شرمگاہ اور جہاں ناپاکی لگی ہو دھولیں۔ پھر ہاتھ مٹی سے پاک کریں۔ پھر وضوء کریں مگر پیر نہ دھوئیں۔ تین مرتبہ سر پر پانی بہاویں۔ خطمی سے سر دھونا سنت ہے۔ انگلیاں بالوں کی جڑوں میں ڈال کر تمام بالوں کو خوب تر کریں کہ بال کی کوئی جڑ خشک نہ رہے۔ اسکے بعد داہنی طرف سے شروع کر کے تمام بدن پر پانی بہا کر نہالیں اور وہاں سے ہٹ کر پاؤں دھولیں۔

ناواقف۔ عورتوں کے کثرت سے جہنم میں جانے کی کیا وجہ ہے؟

واقف۔ ایک حدیث میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسکا ترجمہ یہ ہے کہ ایک روز آپ کی زندگی میں سورج گرہن ہوا تو آپ نے جماعت کرا کر نماز پڑھائی۔ نماز کی کیفیت بیان کر کے پھر عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ راوی حدیث فرماتے ہیں کہ ان رکعتوں کا سلام آپؐ نے اس وقت پھیرا جب کہ سورج گہن سے نکل چکا تھا۔ زاں بعد آپ نے خطبہ دیا جس میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کی پھر جو مضمون فرمایا اس میں یہ بھی تھا کہ میں نے جہنم کو اسی نماز میں اسی دیوار کے پیچھے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ میں نے عمر بھر اتنا خوفناک خطرناک اور گھبرا دینے والا کوئی منظر کبھی نہیں دیکھا۔ میں نے دیکھا کہ اس میں زیادہ تر عورتیں جھلس رہی ہیں۔ اسپر صحابہ رضی اللہ عنہم نے دریافت کیا حضور! اسکی کیا وجہ ہے؟ آپؐ نے فرمایا یہ ان کی ناشکری کی بناء پر ہے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کیا خدا کی ناشکری اور اس کا کفر کرنے سے؟ فرمایا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



خاوندوں کی ناشکری اور بے قدری کرنے سے۔ یہ ناسپاسی ان میں اس قدر بڑھ گئی ہے کہ اگر تم اس کے ساتھ عمر بھر احسان و سلوک کرتے رہو لیکن ایک مرتبہ بھی اگر ذرا سی بے رُخی ہوئی کوئی بات دیکھی کہ جھٹ سے کہہ بیٹھیں کہ میں نے تو کبھی اس گھر میں کوئی سُکھ نہیں دیکھا۔ مجھ سے تو نے کبھی کوئی سلوک کیا ہی نہیں۔ (خداوند تعالیٰ مذموم خصلتوں سے محفوظ رکھے اور نیک توفیق عطاء فرمائے۔ آمین)

نا واقف۔ عورتوں کے جنت میں جانے کے عمل کیا ہیں؟

واقف۔ عورتوں کے جنت میں جانے کے عمل یہ ہیں۔ حدیث إِذَا صَلَّتِ الْمَرْأَةُ خَمْسَهَا وَصَامَتْ شَهْرَهَا وَحَفِظَتْ فَرْجَهَا فَأَطَاعَتْ زَوْجَهَا قِيلَ لَهَا ادْخُلِي الْجَنَّةَ مِنْ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ شِئْتِ (مشکوٰۃ) ترجمہ۔ جو عورت پانچوں وقت کی نماز برابر ادا کرتی رہے اور رمضان شریف کے روزے رکھتی رہے اور اپنے آپ کو برائیوں اور بدکاریوں سے محفوظ رکھے اور اپنے خاوند کی فرماں برداری میں لگی رہے اُسے قیامت کے دن کہدیا جائے گا کہ جنت کے آٹھوں دروازے تیرے لئے کھلے ہیں جس دروازہ سے چاہے چلی جا۔ (زہے نصیب ان ماؤں بہنوں کے جو توحید کے بعد مذکورہ بالا خصائل کی پابند رہ کر جنت کی مستحق ہوں۔)

نا واقف۔ اچھا اب کچھ ضروری دعائیں بتا دیجئے۔

واقف۔ بہتر معلوم ہوتا ہے کہ آپ کو نماز کی دعاؤں سے آگاہ کر دوں کیونکہ نماز اہم ترین رُکنِ اسلام ہے۔

نا واقف۔ مسجد میں داخل ہوتے وقت کیا دعاء پڑھتے ہیں؟

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



واقف۔ مسجد میں داخل ہوتے وقت یہ دُعا پڑھنی چاہیے
اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ (یا اللہ! میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔)

ناواقف۔ مسجد سے نکلتے وقت کیا پڑھنی چاہیے؟

واقف۔ مسجد سے نکلتے وقت یہ دُعا پڑھنی چاہیے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ (یا اللہ! میں تجھ سے تیرے فضل کا خواہاں ہوں) اور پھر بلند آواز سے السلام علیکم کہنا چاہیے۔

ناواقف۔ وضوء کرنے سے پہلے کیا دُعا پڑھتے ہیں؟

واقف۔ وضوء کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ۔ پڑھنا چاہیے۔ پوری بسم اللہ پڑھنے کا قرآن و حدیث میں کوئی ثبوت نہیں۔

ناواقف۔ اچھا ذرا وضوء کرنے کا طریقہ بھی بتلا دیجیے۔

واقف۔ وضوء کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے بِسْمِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ پڑھ کر دونوں ہاتھوں کو تین مرتبہ پہنچوں تک دھوئیے۔ تین مرتبہ کلی کیجیے اور تین مرتبہ ناک میں پانی چڑھا کر جھاڑیئے پھر تین مرتبہ چہرہ اور تین مرتبہ دونوں ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھوئیے۔ پھر ایک مرتبہ سر کا مسح اور دونوں کانوں کا خلال کریئے اور پھر تین مرتبہ دونوں پاؤں کو ٹخنوں تک دھو کر آخر میں شرمگاہ پر پانی کے چند چھینٹے ڈالیے۔

ناواقف۔ وضوء کے درمیان کونسی دُعا پڑھتے ہیں؟

واقف۔ وضوء کے درمیان یہ دُعا پڑھتے ہیں اَللّٰھُمَّ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اِغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ۔

ناواقف۔ وضوء کے بعد کون سی دُعاء پڑھتے ہیں؟

واقف۔ وضوء کے بعد آسمان کو دیکھ یہ دُعاء پڑھتے ہیں۔
اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ○

ناواقف۔ نماز شروع کرنے کا کیا طریقہ ہے؟

واقف۔ نماز شروع کرتے ہوئے سیدھے قبلہ رُخ کھڑے ہو، رفع الیدین کرتے ہیں اور زبان سے اللّٰهُ اَكْبَرُ کہتے ہیں۔ اس سوا اور کچھ نہیں کہتے۔ نیت دل میں کرتے ہیں پھر دونوں ہاتھوں کو سینہ پر باندھ کر بایاں ہاتھ نیچے اور دایاں ہاتھ اوپر رکھتے ہیں۔

ناواقف۔ نیت باندھ کر کیا کرتے ہیں؟

واقف۔ نیت باندھنے کے بعد سجدے کی جگہ دیکھتے ہیں۔ دائیں بائیں یا اوپر دیکھنا منع ہے اور یہ دُعاء پڑھتے ہیں
اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِیْ وَبَيْنَ خَطَايَایَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ۔ اَللّٰهُمَّ نَقِّنِیْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ۔ اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَایَ بِالْمَآءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ۔

ناواقف۔ پھر اس دُعاء کے بعد کیا پڑھتے ہیں؟

واقف۔ اس دُعاء کے بعد اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ پڑھ کر سورۂ فاتحہ پڑھتے ہیں۔ اگر امام کی اقتداء میں ہوں تو فاتحہ کے بعد خاموش رہتے ہیں ورنہ قرآن

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



شریف کی جو بھی سورت ہو وہ پڑھتے ہیں۔

ناواقف۔ پھر کیا کرتے ہیں؟

واقف۔ اس کے بعد رکوع کرتے ہیں اور رکوع میں جاتے وقت رفع الیدین بھی کرتے ہیں۔

ناواقف۔ رفع الیدین کس چیز کو کہتے ہیں؟

واقف۔ نماز میں دونوں ہاتھوں کو مونڈھوں یا کانوں تک اٹھانے کو رفع الیدین کہتے ہیں۔

ناواقف۔ رکوع کرنے کا کیا طریقہ ہے؟

واقف۔ رکوع کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیاں دونوں گھٹنوں پر جما کر رکھتے ہیں، سر کو کمر کے برابر جھکاتے کمر سے اونچا نیچا نہیں رکھتے اور ہاتھوں کی انگلیاں کھول کر گھٹنوں کے نیچے لٹکا کر رکھتے ہیں۔

ناواقف۔ رکوع میں کیا دعائیں پڑھتے ہیں؟

واقف۔ رکوع میں یہ دعائیں پڑھتے ہیں:

(۱) سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ ۝ (۱۰ یا ۷ یا ۵ یا کم از کم تین مرتبہ)

(۲) سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ۔

(۳) سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰئِكَةِ وَالرُّوْحِ۔

ناواقف۔ رکوع کرنے کے بعد پھر کیا کرنا چاہیئے؟

واقف۔ رکوع سے فارغ ہو کر رفع الیدین کرتے ہوئے سیدھے کھڑے ہو جاتے ہیں اور اسکو قومہ کہتے ہیں اور رکوع سے اٹھتے وقت سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ کہتے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ناواقف۔ قومہ میں کیا دعا پڑھتے ہیں؟

واقف۔ قومہ میں یہ دعا پڑھتے ہیں رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ مُبَارَكًا عَلَيْهِ كَمَا يُحِبُّ رَبُّنَا وَيَرْضٰى ○

ناواقف۔ قومہ کے بعد کیا کرنا چاہیئے؟

واقف۔ قومہ کے بعد سجدہ کرنا چاہیئے۔

ناواقف۔ سجدہ کس طرح کرنا چاہیئے؟

واقف۔ سجدہ میں جاتے ہوئے اللہ اکبر کہکر پہلے دونوں ہاتھ زمین پر رکھتے ہیں ماتھا اور ناک زمین پر ٹکاتے ہیں، دونوں ہاتھوں کو کندھوں کے برابر رکھتے ہیں۔ دونوں ہتھیلیاں زمین پر جما کر انگلیاں ملا کر رکھتے، کہنیاں بچھاتے نہیں بلکہ زمین سے اونچی رکھتے ہیں دونوں رانوں سے پیٹ کو اونچا اور الگ رکھتے ہیں دونوں گھٹنے زمین پر رکھتے ہیں دونوں پیر کھڑے کر کے انگلیاں قبلہ کی طرف موڑ کر رکھتے ہیں۔ مردوں اور عورتوں کا سجدہ یکساں ہے شرعًا کوئی فرق نہیں ہے۔

ناواقف۔ سجدہ میں کیا دعا پڑھتے ہیں؟

واقف۔ سجدہ میں سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى ○ یا رکوع کی نمبر ۲ و ۳ میں سے کوئی دعا پڑھتے ہیں۔ (۱۰ یا ۷ یا ۵ یا کم از کم ۳ مرتبہ)

ناواقف۔ ایک سجدہ سے فارغ ہو کر کیا پڑھتے ہیں؟

واقف۔ ایک سجدہ کے بعد سیدھے بیٹھ جاتے ہیں اور اسکو قعدہ کہتے ہیں۔ یہ فرض ہے۔

www.KitaboSunnat.com

ناواقف۔ قعدہ کا کیا طریقہ ہے؟

واقف۔ قعدہ کا طریقہ یہ ہے۔ داہنا پاؤں کھڑا کر کے انگلیاں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



قبلہ کی طرف موڑ کر، بایاں پاؤں بچھا کر کولھا اس پر رکھ کر بیٹھ جاتے ہیں۔ داہنے ہاتھ کی ہتھیلی داہنے گھٹنے پر اور بائیں ہاتھ کی ہتھیلی بائیں گھٹنے پر رکھ لیتے ہیں۔

ناواقف۔ قعدہ میں کیا دُعا پڑھتے ہیں؟

واقف۔ قعدہ میں یہ دُعا پڑھتے ہیں اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاهْدِنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ۔

ناواقف۔ قعدہ کے بعد کیا کرتے ہیں؟

واقف۔ قعدہ کے بعد دوسرا سجدہ پہلے سجدہ کی طرح کرتے اور دعائیں بھی وہی پڑھتے ہیں جو پہلے سجدہ میں پڑھی تھیں

ناواقف۔ دونوں سجدوں کے بعد کیا کرتے ہیں؟

واقف۔ دونوں سجدوں کے بعد ایک رکعت پوری ہوگئی اب جلسۂ استراحت کرتے ہیں۔

ناواقف۔ جلسۂ استراحت کسے کہتے ہیں؟

واقف۔ ایک رکعت پوری کر کے کھڑے ہونے سے پہلے تھوڑی دیر بیٹھ جانے کو جلسۂ استراحت کہتے ہیں اور یہ سنت ہے۔

ناواقف۔ دوسری رکعت پڑھنے کا کیا طریقہ ہے؟

واقف۔ دوسری رکعت کو پہلی رکعت کی طرح پڑھتے ہیں صرف دُعائے استفتاح نہیں پڑھتے۔ لیکن سورت فاتحہ ہر رکعت میں پڑھنی ہے

ناواقف۔ نماز کی دو رکعتیں پڑھ کر کیا کرتے ہیں؟

واقف۔ دو رکعتیں پوری کر کے تشہد پڑھتے ہیں۔

ناواقف۔ تشہد کس کو کہتے ہیں؟

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


واقف۔ دو رکعتوں سے فارغ ہو کر التحیات پڑھنے کے واسطے بیٹھنے کو تشہد کہتے ہیں اور تشہد میں اس طرح بیٹھتے ہیں جس طرح جلسۂ استراحت میں بیٹھتے ہیں صرف دائیں ہاتھ کی انگلیاں موڑ کر شہادت کی انگلی کھڑی کر کے رکھتے ہیں۔

ناواقف۔ تشہد میں کیا دعاء پڑھتے ہیں؟

واقف۔ تشہد میں یہ دعاء پڑھتے ہیں۔ اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ ○ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔

ناواقف۔ تشہد سے فارغ ہو کر کیا کرتے ہیں؟

واقف۔ اگر نماز کی رکعتیں دو سے زیادہ پڑھنی ہوں تو یہاں تک تشہد پڑھ کر کھڑے ہو جانا چاہیئے اور بقایا رکعتیں پوری کرنی چاہئیں ورنہ اس کے بعد درود شریف پڑھنا چاہیئے۔

ناواقف۔ درود شریف کونسا ہے؟

واقف۔ درود شریف یہ ہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○

ناواقف۔ درود شریف کے بعد کیا دعاء پڑھتے ہیں؟

واقف۔ درود شریف کے بعد کئی دعائیں نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے تعلیم فرمائی ہیں جن میں سے چند یہ ہیں!

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۱) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَفِتْنَةِ الْمَمَاتِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْمَاثَمِ وَالْمَغْرَمِ۔

(۲) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ○

(۳) اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَسْرَفْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

(۴) رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○

(۵) يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِيْنِكَ

ناواقف۔ نماز کا سلام پھیرنے کا کیا طریقہ ہے؟

واقف۔ نماز کا سلام تشہد کی دعاؤں سے فارغ ہو کر پھیرتے ہیں اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے دائیں طرف گردن موڑ کر کہتے ہیں اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ ۔ پھر بائیں طرف گردن موڑ کر بھی یہی کہتے ہیں۔ گردن اتنی موڑنی چاہیے کہ پیچھے بیٹھے آدمی کو رخسار یا چہرہ نظر آجائے۔

ناواقف۔ نماز کا سلام پھیر کر کیا وظیفہ پڑھتے ہیں؟

واقف۔ نماز کا سلام پھیر کر یہ وظیفہ پڑھتے ہیں اور یہ وظیفہ بلند آواز پڑھنا چاہیے:۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


اَللّٰهُ اَكْبَرُ۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ○ وَمِنْكَ السَّلَامُ○ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ○ رَبِّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ۔ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ○ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ۔ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ○ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّا اِيَّاهُ لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ○

اس کے بعد آیۃُ الکرسی اور قرآن شریف کی تین آخری سورتیں صبح و شام تین تین مرتبہ پڑھتے ہیں۔ ۳۳ بار سُبْحَانَ اللّٰهِ ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ۔ اور ۳۴ بار اَللّٰهُ اَكْبَرُ۔ بھی پڑھتے ہیں۔

ناواقف۔ میں نے اکثر اہلحدیث حضرات کو دیکھا ہے کہ وہ صبح کی سنتیں پڑھ کر داہنی کروٹ پر لیٹ جاتے ہیں اور کچھ پڑھتے ہیں۔ لیٹتے کیوں ہیں اور پڑھتے کیا ہیں؟

واقف۔ صبح کی سنتیں پڑھ کر داہنی کروٹ پر لیٹنا اللہ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے اس لئے لیٹتے ہیں اور یہ دعا پڑھتے ہیں اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَّفِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّعَنْ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



یَّمِیْنِیْ نُوْرًا وَّعَنْ یَّسَارِیْ نُوْرًا وَّفَوْقِیْ نُوْرًا وَّتَحْتِیْ نُوْرًا وَّاَمَامِیْ نُوْرًا وَّخَلْفِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا وَّفِیْ لِسَانِیْ نُوْرًا وَّعَصَبِیْ نُوْرًا وَّلَحْمِیْ نُوْرًا وَّدَمِیْ نُوْرًا وَّشَعْرِیْ نُوْرًا وَّبَشَرِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِیْ نَفْسِیْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا۔ اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ نُوْرًا۔

ناواقف۔ وتروں میں رکوع سے پہلے یا رکوع کے بعد ہاتھ اٹھا کر کونسی دُعا پڑھتے ہیں؟

واقف۔ یہ دعا پڑھتے ہیں اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ فِیْمَنْ ھَدَیْتَ وَعَافِنِیْ فِیْمَنْ عَافَیْتَ۔ وَتَوَلَّنِیْ فِیْمَنْ تَوَلَّیْتَ۔ وَبَارِکْ لِیْ فِیْمَا اَعْطَیْتَ۔ وَقِنِیْ شَرَّ مَا قَضَیْتَ۔ فَاِنَّکَ تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی عَلَیْکَ۔ اِنَّهٗ لَا یَذِلُّ مَنْ وَّالَیْتَ۔ وَلَا یَعِزُّ مَنْ عَادَیْتَ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ۔ نَسْتَغْفِرُکَ وَنَتُوْبُ اِلَیْکَ۔ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلَی النَّبِیِّ

ناواقف۔ اب مہربانی فرما کر ضروری مخصوص دعائیں بتلائیں جن کو بندہ یاد کر سکے۔

واقف۔ میرے خیال میں بہتر یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ موقعہ بموقعہ کی دعائیں دریافت کرتے جائیں اور میں بتلاتا جاؤں۔

ناواقف۔ بہت بہتر۔ اچھا تو بتلائیے۔ روزہ کھولتے وقت کیا دُعا پڑھتے ہیں؟

واقف۔ روزہ کھولتے وقت یہ دُعا پڑھتے ہیں اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ

ناواقف۔ روزہ کھولنے کے بعد کیا دُعا پڑھتے ہیں؟

واقف۔ روزہ کھولنے کے بعد یہ دُعا پڑھتے ہیں۔ ذَھَبَ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الظَّمَاُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُاِنْ شَاءَ اللّٰہُ۔

ناواقف۔ روزہ رکھتے وقت کیا نیت کرنی چاہیئے اور کونسی دُعاء پڑھنی چاہیئے؟

واقف۔ روزہ رکھتے وقت صرف دل میں نیت کرلینا کافی ہے کہ میں فلاں روزہ رکھ رہا ہوں۔ اور شرعًا روزہ کی نیت کے لیے کوئی دعاء نہیں ہے۔ اور جو دُعاء عام طور پر پڑھی جاتی ہے وہ موضوع بناوٹی اور من گھڑت ہے۔

ناواقف کھانا کھاتے وقت کیا دُعاء پڑھتے ہیں؟

واقف۔ کھانے سے پہلے صرف بسم اللّٰہ پڑھنی چاہیئے۔

ناواقف۔ اور کھانا کھانے کے بعد کی کونسی دُعاء ہے؟

واقف۔ کھانا کھانے کے بعد کی دُعاء یہ ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِیْنَ ○ اور اگر کہیں دعوت میں جائیں تو کھانا کھانے کے بعد دعائے مذکورہ کے علاوہ یہ دعاء بھی پڑھیں۔ اس دُعاء میں دعوت کرنے والے کیلئے دعاء برکت وغیرہ کی تلقین کی گئی ہے۔ دُعاء یہ ہے اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَھُمْ فِیْمَا رَزَقْتَھُمْ وَاغْفِرْ لَھُمْ وَارْحَمْھُمْ۔

ناواقف۔ دُودھ پینے سے پہلے اور بعد میں کونسی دعاء پڑھنی چاہیئے؟

واقف۔ دُودھ پینے سے پہلے صرف بِسْمِ اللّٰہ کہنی چاہیئے اور بعد میں یہ دعاء پڑھنی چاہیئے اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْہِ وَزِدْنَا مِنْہُ۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ناواقف۔ پانی پینے کی کونسی دُعا ہے؟
واقف۔ پانی پینے سے پہلے صرف بسم اللہ پڑھ لینا کافی ہے۔
ناواقف۔ پانی پینے کے بعد کونسی دعا پڑھتے ہیں؟
واقف۔ پانی پینے کے بعد یہ دُعا پڑھتے ہیں اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَہٗ عَذْبًا فُرَاتًا بِرَحْمَتِہٖ وَلَمْ یَجْعَلْہُ مِلْحًا اُجَاجًا بِذُنُوْبِنَا۔
ناواقف۔ کپڑا پہنتے وقت کیا دُعا پڑھتے ہیں؟
واقف کپڑا پہنتے وقت یہ دُعا پڑھتے ہیں اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ ھٰذَا وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ
ناواقف۔ بیت الخلاء جاتے ہوئے کون سی دُعا پڑھتے ہیں؟
واقف۔ بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے یہ دُعا پڑھتے ہیں اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ بِسْمِ اللّٰہِ۔
ناواقف۔ فراغت کے بعد کی بھی کوئی دُعا ہے۔
واقف۔ جی ہاں فارغ ہونے کے بعد نکلتے وقت کی یہ دُعا ہے
(۱) اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ
(۲) غُفْرَانَکَ۔
ناواقف۔ سوتے وقت کیا دُعا پڑھتے ہیں؟
واقف۔ سوتے وقت داہنی کروٹ پر لیٹ کر یہ دُعا پڑھتے ہیں اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰی ○
ناواقف۔ سوکر اُٹھتے وقت کیا دُعا پڑھتے ہیں؟
واقف۔ سوکر اُٹھتے وقت پہلے تین بار ناک جھاڑتے ہیں اور

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


پھر یہ دُعاء پڑھتے ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ ○

ناواقف۔ گھر میں داخل ہونے کی بھی کوئی دُعاء ہے؟

واقف۔ جی ہاں گھر میں داخل ہوتے وقت یہ دُعاء پڑھتے ہیں اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ خَیْرَ الْمَوْلَجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰہِ دَخَلْنَا وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا اور پھر اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ کہنا چاہیے۔

ناواقف۔ گھر سے نکلتے وقت کیا دُعاء پڑھتے ہیں؟

واقف۔ گھر سے نکلتے وقت یہ دُعاء پڑھتے ہیں بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

ناواقف۔ بازار میں جاتے وقت کیا دُعاء پڑھتے ہیں؟

واقف۔ بازار میں جانے وقت یہ دُعاء پڑھتے ہیں۔ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ۔ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَحَیٌّ لَّایَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَعَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

ناواقف۔ میں مقروض ہوں۔ ادائے قرض کے لئے کوئی دُعاء بتادیجئے۔

واقف۔ ادائے قرض کیلئے یہ دُعاء بکثرت پڑھیے۔ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ

ناواقف۔ میرا ہاتھ بہت تنگ رہتا ہے حتّٰی کہ فاقوں تک

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



نوبت پہنچ جاتی ہے۔ اس کے لئے کوئی دعاء بتلا دیجئے۔ بڑی مہربانی ہوگی۔

واقف۔ روزانہ بعد نماز مغرب سورۂ واقعہ کی تلاوت کیا کیجئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ جو شخص سورۂ واقعہ پڑھے گا اس کو کبھی بھی فاقہ نہیں پہنچے گا (انشاء اللہ تعالیٰ) یہ بڑی ہی مجرب چیز ہے۔ ہزارہا بندگان خدا نے اسکا تجربہ کیا اور آسودہ حال ہو گئے۔

ناواقف۔ صبح و شام پڑھنے کی کوئی دعاء بتا دیجئے۔

واقف۔ صبح و شام روزانہ بعد نماز فجر و مغرب پڑھنے کی بہت سی دعائیں ہیں جن میں سے کچھ میں بتائے دیتا ہوں۔ ان دعاؤں کو تین تین مرتبہ پڑھا کیجئے۔

(۱) اَعُوْذُ بِكَلِمٰتِ اللّٰهِ التَّآمَّتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝

(۲) اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَكَفَرْتُ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَاسْتَمْسَكْتُ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

(۳) بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

(۴) اَعُوْذُ بِكَلِمٰتِ اللّٰهِ التَّآمَّتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۝

ناواقف۔ سید الاستغفار کونسا ہے؟

واقف۔ سید الاستغفار یہ ہے۔ اس کے پڑھنے سے تمام

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


گناہ معاف ہو جاتے ہیں اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ۔

**ناواقف۔** چاند دیکھنے کی کیا دعا ہے؟

**واقف۔** جب نیا چاند دیکھتے ہیں تو یہ دعا پڑھتے ہیں اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللّٰہُ ھِلَالُ خَیْرٍ وَّرُشْدٍ۔ ھِلَالُ خَیْرٍ وَّرُشْدٍ۔ ھِلَالُ خَیْرٍ وَّرُشْدٍ۔

**ناواقف۔** اگر کسی مصیبت زدہ، دکھیا شخص کو دیکھیں تو کونسی دعا پڑھیں؟

**واقف۔** یہ دعا پڑھنی چاہیے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِہٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا ۝ (یہ دعا آہستہ پڑھنی چاہیے)

**ناواقف۔** کوئی دعا ایسی بتائیے جو کہ اللہ تعالیٰ کو بہت ہی محبوب و پسندیدہ ہو اور ہو بھی مختصر۔

**واقف۔** حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ دو کلمے ایسے ہیں جو کہ رحمٰن عز و جل کو بہت ہی محبوب ہیں پڑھنے میں نہایت آسان اور ترازو میں بڑے بھاری اور وزنی ہیں۔ وہ دو کلمے یہ ہیں سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



سُبۡحَانَ اللهِ الۡعَظِیۡمِ ○

ناواقف۔ بھائی صاحب! آپ کا بہت بہت شکریہ۔ آپ سے بہت ہی مفید باتیں معلوم ہوئیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے۔ اچھا، السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔

واقف۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ خدا نے چاہا تو آئندہ پھر ملاقات ہوگی انشاء اللہ۔

www.KitaboSunnat.com



## قرآن مجید مترجم عکسی دو رنگہ

مترجم ومحشی قرآن مجید کا یہ تیسرا ایڈیشن ہے جو مزید خوبیوں کے ساتھ شائع کیا گیا ہے۔ اس کے حواشی میں وہ قرآنی نکات، علمی جواہرات، آیات کے صحیح مطالب، شان نزول ومقاصد کو آشکارا کیا گیا ہے جس کے مطالعہ سے آپ بصیرت افروز ہونگے انشاء اللہ۔ الحمد للہ ہاتھوں ہاتھ ہدیہ ہو رہا ہے بہت تھوڑی تعداد میں نسخے رہ گئے ہیں۔ شائقین اپنی پہلی فرصت میں اسے حاصل کرنے کی کوشش کریں ورنہ اس مجموعۂ گوہر وبے قیمت کے حصول کے لئے چوتھے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا جو حالات کے پیش نظر نہ معلوم کب طبع ہو۔ ھدیہ گلیز کاغذ ستر روپے علاوہ محصولڈاک۔

ھدایۃ النبی یعنی مکمل نماز۔ مصنفہ امام الموحدین حضرت مولانا الحافظ الحاج ابو محمد عبد الوہاب صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ۔ ھدیہ دس روپے

ملنے کا پتہ
حافظ عبد السلام صاحب
مکتبہ اشاعت الکتاب والسنۃ۔ اے ایم بزنس روڈ کراچی


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


# مایوس ہونا گناہ عظیم ہے

## کوئی مرض لاعلاج نہیں

مردانہ پوشیدہ امراض میں مبتلا حضرات کو چاہیئے کہ مزید پریشان ہونے کی ضرورت نہیں بلکہ آج ہی اپنی پہلی فرصت میں مشورہ کیلئے تشریف لائیں جہاں گئے گزرے مایوس العلاج مریض شفایاب ہوتے اور نئی زندگی حاصل کرتے ہیں۔ آپ بھی نئی طاقت، نئی جوانی اور نیا شباب سو فیصدی کامیابی سے حاصل کریں

ہر پوشیدہ علاج اور بات کو صیغۂ راز میں رکھا جاتا ہے

## امراض

مردانہ کمزوری، جریان، احتلام، سرعتِ انزال، بواسیر خونی و بادی و دیگر امراض پوشیدہ پیچیدہ و دیرینہ کا کامیاب علاج کروا کر پرسکون گھریلو زندگی بسر کریں ہر مرض کا کامیاب علاج کیا جاتا ہے

## پتہ ہمیشہ یاد رکھیں

مولوی عبدالهادی بن الحاج حکیم

مولوی عبدالحئی چھالی دہلوی

رحمانہ منزل اے۔ ایم لیمز کراچی نمبر ۱


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

المكتبة الرحمانية
۹۹ - ..ـ جے ماڈل ٹاؤن - لاہور
نمبر ....................